# سندھ ایکٹ نمبر I مجریہ 2022

# SINDH ACT NO.I OF 2022

# سندھ طلباء یونین ایکٹ، 2019

# THE SINDH STUDENTS UNION ACT, 2019

## (CONTENTS) فہرست


تمہید (Preamble)

1. مختصر عنوان، اضافہ اور شروعات

Short title, extent and commencement

2. تعریف

Defintion

3. تعلیمی ادارے میں طلباء یونین

Student Union in educational institution

4. طلباء یونین کے کام

Functions of the students unions

5. کسی بھی متصبانہ سرگرمی میں ملوث ہونا

Indulge in any prejudicial activity

6. حکومت قواعد بنائے گی

Government to make rules.

7. اوور رائیڈنگ افیکٹ

Overriding effects.

# سندھ ایکٹ نمبر I مجریہ 2022

# SINDH ACT NO.I OF 2022

# سندھ طلباء یونین ایکٹ، 2019

# THE SINDH STUDENTS UNION ACT, 2019

[9مارچ،2022 ]

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ صوبے میں طلباء یونینز کے قیام اور ان کو منظم کرنے کے لیئے موثر نظام کو فعال کیا جائے گا۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ صوبے میں طلباء یونینز کا قیام اور اس کو منظم کرنے کے متعلق موثر نظام بنانا ضروری ہو گیا ہے۔

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائیگا۔

مختصر عنوان ، اضافہ اور شروعات

Short title, extent and commencement

1. (1) اس ایکٹ کو سندھ طلباء یونین ایکٹ، 2019 کہا جائے گا۔

(2) اس کو تمام سندھ صوبے تک بڑھایا جائے گا۔

(3) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

تعریف

Defintion

2. اس ایکٹ میں جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے بر عکس نہ ہو، تب تک:

a) "ڈیپارٹمنٹ" سے مراد کالیج ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، حکومت سندھ؛

b) "تعلیمی ادارہ" سے مراد ایک تعلیمی اور تربیتی ادارہ اور جس میں شامل ہے ایک یونیورسٹی، اور اس سے ملحق اور الحاق شدہ ادارے، ایک کالیج چاہے وہ پبلک سیکٹر میں ہو یا پرائیویٹ سیکٹر میں، جس نام سے بھی پکارا جائے؛

c) "حکومت" سے مراد سندھ حکومت؛

d) "متصبانہ سرگرمی" سے مراد کوئی سرگرمی جو کہ قانون سے متصاد ہو، اچھی تربیت یا نظم وضبط کے خلاف ہو اور جس میں کوئی بھی عمل شامل ہے جس کی مقدار یا امکان ہے جو کہ؛

(i) تعصب یا کسی بھی طریقے سے کسی تعلیمی ادارے کے معمول کے کام میں مداخلت کرتا ہے؛

(ii) کسی بھی تعلیمی ادارے کے طلباء کے کسی گروہ، درجے یا باڈی میں غیر یقینی یا نفرت کا سبب بنتا ہے یا پیدا کرتا ہے؛

(iii) طلباء اور عملے کے درمیاں میں دشمنی یا نفرت کے احساسات کی حوصلہ افزائی کرتا ہے یا کسی تعلیمی ادارے کے عوام یا طلباء کے والدین کے لیئے خوف کا سبب بنتا ہے یا تشدد کا کوئی فعل یا طاقت کا استعمال کرتا ہے۔ طاقت کا مظاہرہ کرتا ہے، کسی تعلیمی ادارے میں یا تعلیم کے ہموار طریقے سے چلنے میں رکاوٹ ڈالتا ہے اور تعلیمی ادارے میں غیر نصابی سرگرمیوں میں رکاوٹ ڈالتا ہے؛

(iv) کسی تعلیمی ادارے کے احاطے میں یا کسی تعلیمی ادارے

سے منسلک یا اس سے ملحقہ کسی دوسری عمارت یا جگہ کے اندر آتشیں اسلحہ، اسلحہ گولہ بارود یا دھماکہ خیز مواد جمع کرنے یا رکھنے کا سبب بنتا ہے؛

(v) کسی تعلیمی ادارے میں ہڑتال کا سبب بنتا ہے یا عملے یا کسی تعلیمی ادارے کے کسی دوسرے ملازم کے کسی خطرے کا سبب بنتا ہے؛

(e) " طالب علم" سے مراد کوئی بھی فرد جس نے تعلیمی ادارے میں داخلہ لیا ہو اور پڑھ رہا ہو اور اس میں وہ فرد شامل نہیں ہے جو تعلیمی ادارے کا طالب علم تھا یا جو اندراج شدہ نہ ہو یا تعلیمی ادارے میں کوئی سمسٹر یا کورس نہیں کر رہا ہے؛

(f) " طلباء یونین" جس میں شامل ہے باڈی یا کسی تعلیمی ادارے کے طلباء کی ایسوسیئشن، کسی بھی نام سے ہو، جو کہ اپنے ممبران کی طلباء کے طور پر طالب علموں تعلیمی، ڈسپنسری، غیر نصابی یا تعلیمی اداروں میں طالب علموں کے معاملات سے متعلق دوسرے معاملات میں عام مفادات کی حوصلہ افزائی کرتی ہو۔

**تعلیمی ادارے میں طلباء یونین**
**Student Union in educational institution**

3. (1) ہر تعلیمی ادارے میں ایک طلباء یونین ہو گی جو کہ تعلیمی اداروں کے ہونہار طلباء پر مشتمل ہو گی۔

(2) طلباء یونین سات سے گیارہ میمبرز پر مشتمل ہو گی جن کو مخصوص تعلیمی اداروں کے طلباء کی طرف سے منتخب کیا جائے گا۔

(3) اس ایکٹ میں فراہم کردہ اصولوں کے مطابق ہر تعلیمی ادارہ اس ایکٹ کے دو ماہ کے اندر طلبہ یونین کے انعقاد کے لیئے ضابطے اور طریقہ کار وضع کرے گا۔

(4) تعلیمی ادارہ ہر سال طلباء یونین کے لیئے انتخاب کروائے گا۔

(5) ہر تعلیمی ادارے میں اس کے سنڈیکیٹ، سینیٹ یا بورڈ میں منتخب کردہ طلباء یونین کا کم از کم ایک نمائندہ شامل ہو گا۔

(6) ہر تعلیمی ادارہ ہراساں کرنے کے خلاف تحفظ کے لیئے ایک کمیٹی تشکیل دے گا، جو کہ جنسی بنیاد پر یکسان ہو گی اور اس میں منتخب طلباء یونین کا کم از کم ایک نمائندہ شامل ہو گا۔

طلباء یونین کے کام

Functions of the students unions

4. طلبہ یونین متعلقہ تعلیمی ادارے کے طلباء کی حقیقی نمائندہ ہو گی۔

(2) طلباء یونین:

i. طلباء کی سماجی اور تعلیمی فلاح و بہبود کے لیئے کام کرے گی؛

ii. اس بات کو یقینی بنائے گی کہ تمام طلباء کے حقوق اور مفادات کو نمائندگی اور تحفظ کیا جا رہا ہے؛

iii. ایسے سماجی، ثقافتی، انٹلیکچوئل یا دوسرے غیر نصابی ایونٹس منعقد کرانا، جو طلبہ کی شخصیت کی تعمیر اور ان کو ذمہ دار شہری بنانے میں مددگار ثابت ہو؛

iv. طلباء اور تعلیمی اداروں کے درمیاں تعلقات کو فروغ دلائے گی اور مضبوط بنائے گی؛

v. کسی بھی امتیازی سلوک یا انصافی کی مخالفت کرے گی اور ایسے منظر عام پر لائے گی جو طلباء کی سماجی اور تعلیمی زندگی میں رکاوٹ پیدا کرتا ہو؛

vi. طلباء کو ذمہ دار شہریوں کو اپنے ملک کے تیئں اپنے حقوق اور ذمہ داریوں سے آگاہ کرنے کے لیئے، جیسا کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین اور دیگر قوانین کے تحت فراہم کیا گیا ہے، ان سے آگاہ کرنے کے لیئے بھرپور کوشش کرے گی۔

vii. طلباء، تعلیمی اداروں اور ان کے عملداروں کے درمیاں پل کا کردار ادا کرے گی، تاکہ بہترین تعلیمی معیار کو حاصل کیا جاسکے۔

viii. ملک میں مختلف دائرہ اختیار میں منتخب طلباء کی باڈیز کے درمیاں تعاون اور رابطے کا کردار ادا کرے گی؛

ix. تعلیمی ادارے کے نظم وضبط کو بہتر بنانے میں مدد دے گی اور اس بات کو یقینی بنائے گی کہ تعلیمی ادارے کے اساتذہ اور عملے کے احترام میں کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے گا؛

x. صحت مند بحث کے لیئے جمہوری اور جامع ماحول کو یقینی بنائے گی تاکہ دوسری رائے کا بھی احترام کیا جائے؛

(3) طلبہ یونین ایسی دوسری سرگرمیاں انجام دے گی جن کو متعلقہ تعلیمی ادارے کے قواعد اور ضوابط کے مطابق کیا گیا ہو۔

کسی بھی متصبانہ سرگرمی میں ملوث ہونا

Indulge in any prejudicial activity

5. (1) کوئی بھی شخص یا طالب علم کسی تعلیمی ادارے کے احاطے میں یا کسی تعلیمی ادارے سے منسلک یا متعلقہ کسی دوسری جگہ کے اندر کسی بھی طرح سے کسی قسم کی تعصبانہ سرگرمی میں ملوث نہیں ہو گا۔

(2) اگر کوئی شخص یا طالب علم ذیلی دفعہ (1) کی گنجائشوں کو خلاف ورزی کرتا ہے، اس کے ساتھ متعلقہ تعلیمی ادارے کی ڈسپلینری قواعد اور ضوابط کے مطابق نمٹا جائے گا۔

حکومت قواعد بنائے گی

Government to make rules.

6. حکومت اس ایکٹ کے مقاصد کے حاصل کرنے کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے۔

| | |
|---|---|
| اوور رائیڈنگ افیکٹ<br>Overriding effects. | 7. اس ایکٹ کی گنجائشوں کو اوور رائیڈنگ افیکٹ حاصل ہو گا جب تک کچھ وقتی طور پر عائد کسی دوسرے قانون کے برعکس نہ ہو۔ |

**نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**